## سوال

کیا پسند کی شادی کےلیے کوئی دعا شریعت میں ہے۔ اگر ہے تو برائے مہربانی مستند حوالہ جات سے ذکر فرمایئے۔

## جواب

پسند کی شادی کےلئے دعا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا پسند کی شادی کےلیے شریعت میں کوئی دعا موجود ہے۔ اگر ہے تو برائے مہربانی مستند حوالہ جات سے ذکر فرمایئے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! شادی کرنا نبی کریم ﷺ کی سنت مبارکہ ہے اور اس سنت کےلئے دعا کرنا بھی جائز ہے۔ اس حوالے سے اگرچہ کوئی متعین دعا ثابت نہیں ہے، لیکن آپ اردو اور پنجابی میں کوئی بھی دعا کر سکتے ہیں۔ نیز یاد رہے کہ رشتے کے انتخاب میں اپنی ذاتی خواہشات کی بجائے دینداری کو ترجیح دینی چاہیئے۔ اگر کوئی مرد یا عورت کسی مرد یا عورت سے پسند کی شادی کرنا چاہتے ہیں تو شرعی طریقے سے شادی کرنے کا سوچیں اور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اللہ تعالی سے استخارہ کریں۔ جس میں دنیا وآخرت دونوں جہانوں کی بھلائی کا سوال کریں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث